1989ء سے مسلسل اشاعت | 22 تا 28 جولائی 2022 | شمارہ نمبر 30 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس

کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ
کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper products

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960




# ڈالر کی قدر میں زبردست اضافہ، امپورٹرز پریشان

## پیپر و پیپر بورڈ سمیت درآمدی خام مال کی قیمتوں میں اضافہ، پرنٹرز و صنعتکار بھی مشکلات کا شکار

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 18 جولائی سے اچانک ڈالر کو جو پر لگے تھے وہ 20 جولائی کو بھی جاری رہے۔ ایک ہفتہ میں ڈالر کی قدر میں 10 فیصد اضافے کے بعد ایک ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر 229.30 روپے تک پہنچ گئی ہے جبکہ بعض بینکوں نے اپنے طور پر اس کی شرح کو 230 روپے سے زائد پر بھی ٹریڈ کیا۔ ایک اطلاع کے مطابق بینک مستقبل کے سودے 240 سے زائد پر بھی کر رہے ہیں۔ ڈالر کی قدر میں اس اچانک اضافے سے درآمد کنندگان شدید پریشان ہیں اور پورٹ پر پہنچنے والے مال کی لاگت میں بیٹھے بٹھائے 10 فیصد اضافہ ہو گیا ہے جس سے مارکیٹ میں مزید مندی پیدا ہو گئی ہے۔ ادھر درآمدی پیپر و پیپر بورڈ سمیت دیگر خام مال کی قیمتوں میں اضافہ سے پرنٹرز اور صنعتکار شدید مشکلات کا شکار ہیں جنہیں اپنے سابقہ معاہدے پورے کرنے میں نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

## کرنسی اتار چڑھاؤ کا تعلق جاری غیر یقینی صورتحال سے ہے، اسٹیٹ بینک

کراچی (نیوز ڈیسک) ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں بڑی کمی پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا مؤقف سامنے آ گیا۔ اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ روپے کی قدر کی موجودہ صورتحال مارکیٹ کی طے کردہ ہے، کرنسی اتار چڑھاؤ کا تعلق جاری کھاتوں کے خسارے، اس حوالے سے مختلف خبریں اور غیر یقینی صورتحال بھی ہے۔ اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر بھی امریکی ڈالر کی قدر گذشتہ 6 ماہ میں 12 فیصد بڑھی ہے، دسمبر 2021 سے اب تک روپیہ 18 فیصد گرا ہے، مہنگائی ایڈجسٹ کرنے کے بعد کرنسی کی قدر صرف 3 فیصد گری ہے، پاکستانی کرنسی کی طاقت کے اندازے کا یہ بہتر طریقہ ہے۔


☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229


# بجلی کے بلوں میں کم از کم 6 ہزار روپے سیلز ٹیکس عائد

## دکانداروں کا احتجاج کا اعلان، کے الیکٹرک کے پاس ڈیٹا انٹری میں بھی مشکلات

کراچی (پیپر بزنس نیوز) موجودہ شہباز حکومت کے منظور کردہ وفاقی بجٹ 23-2022 کے تحت ریٹیلرز پر بجلی کے بلوں کی بنیاد پر عائد کئے گئے سیلز ٹیکس پر عملدرآمد کا آغاز ہو گیا ہے اور کے الیکٹرک نے کراچی کے صارفین کو جو جون۔ جولائی کے بجلی کے بل ارسال کئے ہیں اس میں تمام کمرشل میٹرز پر کم از کم 6 ہزار روپے سیلز ٹیکس کی وصولی بھی شامل کر دی ہے جبکہ صارفین کو اپنا ڈیٹا اپ ڈیٹ کرانے کا بھی موقع فراہم نہیں کیا گیا ہے اس کے ساتھ ساتھ تاجروں کو بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں میں اپنا ڈیٹا اندراج کرانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ اس کے ساتھ بند دکانوں، یا گوداموں کے طور پر استعمال ہونے والی جگہوں پر بھی بلاتفریق 6 ہزار روپے سیلز ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ تاجروں نے اس صورت حال پر ہنگامی احتجاج کا پروگرام ترتیب دیا ہے اور اس کے خلاف بھرپور احتجاج کا فیصلہ کیا ہے۔ کے الیکٹرک نے این ٹی این ہولڈر کو بھی نان فائلر کی کیٹیگری میں شامل کر کے ڈبل شرح سے ٹیکس عائد کر دیا ہے۔ فائلر پر ٹیکس تین ہزار روپے ہے جبکہ نان فائلر پر یہ شرح دگنی ہے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے سب پر بلا امتیاز نان فائلر کا ٹیکس عائد کر دیا ہے اور ایڈجسٹ ایبل بھی نہیں ہے۔

# سندھ اور پنجاب میں کاروباری مراکز رات 9 بجے بند کرنے کا حکم

کراچی (بزنس ڈیسک) توانائی بحران پر قابو پانے کیلئے سندھ اور پنجاب میں کاروباری مراکز کے اوقات کار محدود کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ محکمہ داخلہ سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق تمام بازار، تجارتی مراکز، شاپنگ سینٹرز، سپر اسٹورز رات 9 بجے بند کر دیئے جائیں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ شادی ہالز، بینکوئٹس اور تقاریب ساڑھے 10 بجے تک ختم کرنی ہوں گی۔ اسکے علاوہ ریسٹورنٹس، کافی شاپس، ہیلتھ سینٹرز، کلبس، جم، سینما، تھیٹر ساڑھے 11 بجے تک بند کرنے ہونگے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بل بورڈز اور دیگر اشتہارات کی لائٹس بھی 9 بجے تک بند کرنی ہوں گی۔ محکمہ داخلہ سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ مذکورہ تمام پابندیوں کا اطلاق ہفتے کے روز نہیں ہوگا جبکہ ایک دن جمعہ یا اتوار کو چھٹی کا دن تصور کیا جائے گا۔ محکمہ داخلہ کے مطابق ان پابندیوں کا اطلاق 16 اگست 2022 تک کیلئے ہوگا۔ میڈیکل اسٹورز، اسپتال، فارمیسیز، پیٹرول پمپس، دودھ دہی کی دکانیں، بیکریز، لیبارٹریز، کال سینٹرز، پوسٹل سروسز، ایمبولنس سروسز، ٹائر ریپئیر شاپس، بس اڈے، سبزی منڈی وغیرہ کو استثنیٰ حاصل ہوگا۔ خیال رہے کہ بجلی کے بحران پر قابو پانے کیلئے کاروباری مراکز کے اوقات محدود کرنے کا فیصلہ عید کی وجہ سے کچھ دنوں کیلئے معطل کیا گیا تھا جسے اب دوبارہ بحال کر دیا گیا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ڈالر کی قدر میں اضافہ معیشت کے لیے تباہی لا رہا ہے، قائم مقام صدر فیڈریشن سلیمان چاولہ

کراچی (بزنس ڈیسک) قائم مقام صدر ایف پی سی سی آئی سلیمان چاولہ نے کہا ہے کہ ڈالر کے مقابلے پر روپے کی قدر میں کمی کے معاملے کو تمام اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے اکنامک ایمرجنسی کے طور پر لیا جانا چاہئے ، ڈالر کی قدر میں غیر معمولی اضافہ ملکی معیشت کے لیے تباہی لے کر آ رہا ہے، ایف پی سی سی آئی پہلے بھی یہ موقف دے چکی ہے کہ تمام فریقین کو ایک کم از کم اتفاق رائے یعنی چارٹر آف اکانومی پر متفق ہوجانا چاہئے۔ ایف پی سی سی آئی وسیع تر قومی مفاد میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک ساتھ بٹھانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔ ایک بیان میں سلیمان چاولہ نے کہا کہ روپے کی قدر میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ معیشت کے لیے تباہی لے کر آ رہا ہے اور اب اگر روپے کی قدر میں مزید گراوٹ جاری رہتی ہے تو ضروری کموڈیٹیز اور صنعتی خام مال کی درآمدات بھی خطرے میں پڑ سکتی ہیں۔ انہوں نے صورتحال کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ معاملات میں اس قدر بدانتظامی کا شکار ہیں اور سنجیدہ نوعیت کے ہیں کہ بہت سی فیکٹریاں بند ہونے کے خطرے کا شکار ہیں یا انہیں اپنے پیداواری شیڈول کو پورا کرنے اور ایکسپورٹ ڈیڈ لائن کو مس کرنے پر بھاری نقصانات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ قائم مقام صدر ایف پی سی سی آئی نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا منگل کے روز انٹرا ڈے انٹر اینک مارکیٹ میں روپے کی قدر 224 روپے فی ڈالر تک گر چکی ہے؛ جو کہ ڈالر کے مقابلے میں 8.8 روپے یا چار فیصد بنتی ہے۔ سلیمان چاولہ نے مزید کہا کہ کاروباری، صنعتی اور تاجر برادری ابھی تک پیر کے روز ہونے والی روپے کی گراوٹ کے اثرات سے ہی باہر نہیں آئی تھی؛ جو کہ 4.25 روپے یا 1.97 فیصد تھی اور آج ہی انٹرا ڈے ٹریڈنگ میں 4 فیصد کی ایک اور گراوٹ کا سامنا ہے۔ کوئی بھی ملک یا معیشت دو دن کے عرصے میں شرح مبادلہ میں 6 سے 7 فیصد تک گراوٹ کو برداشت نہیں کر سکتی۔ قائم مقام صدر ایف پی سی سی آئی صدر نے تجویز پیش کی ہے کہ حکومت کو مارکیٹ میں غیر یقینی صورتحال، افراتفری اور افواہوں کو روکنے کے لیے تمام ذرائع سے ڈالر کی متوقع آمد پر مارکیٹ کو اعتماد میں لینا چاہیے۔

## ڈالر قابو کیا جائے، ڈیمرج، ڈیٹینشن چارجز ختم کیے جائیں: لاہور چیمبر

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں نعمان کبیر نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ ڈالر کی قیمت میں مسلسل اضافہ امپورٹرز پر ڈیمرج ، ڈیٹینشن چارجز سے کاروباری سرگرمیاں اور بزنس پلان شدید متاثر ہوں گے۔ بزنس کمیونٹی کے ایک گروپ سے بات کرتے ہوئے میاں نعمان کبیر نے کہا کہ حکومت اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان دونوں کو مل کر ڈالر کی اُڑان کو روکنے کے لئے قلیل اور طویل مدتی اقدامات اُٹھانے ہوں گے، ورنہ ملک میں مہنگائی کا ایک طوفان آئے گا جو ملکی معیشت کے اہم شعبوں کو بُری طرح متاثر کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نہ صرف ڈالر کی قیمت میں مسلسل اضافے پر فوری قابو پائے ، ساتھ ہی ان کنٹینرز پر ڈیمرج اور ڈیٹینشن چارجز ختم کروانے کے لیے شپنگ کمپنیوں سے فوراً بات کی جائے جو لگژری آئٹمز پر پابندی سے قبل پورٹس پر آگئے تھے۔ میاں نعمان کبیر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے لاہور چیمبر کے مطالبے 30 جون 2022 تک پہنچنے والے ان کنٹینرز کو چھوڑنے کے احکام جاری کرنا خوش آئند قدم تھا لیکن ضروری ہے کہ ڈیمرج اور ڈیٹینشن چارجز بھی ختم کر کے امپورٹرز کو ریلیف دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں روز بروز اضافہ کاروباری لاگت میں اضافے کا باعث بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو ان عوامل کا پتہ لگانے کی ضرورت ہے جو روپے کی قدر میں مسلسل کمی کا سبب بن رہے ہیں اور پاکستان میں فارن ایکسچینج مارکیٹس کے آپریشن میں غیر ضروری قیاس آرائیوں سمیت دیگر سرگرمیوں کی جانچ کی بھی ضرورت ہے۔ اس سے روپے کی قدر میں استحکام اور کاروباری برادری کا اعتماد بحال کرنے میں مدد ملے گی۔ میاں نعمان کبیر نے مزید کہا کہ حالیہ دنوں میں روپے کی قدر میں کمی کی بڑی وجہ سیاسی غیر یقینی اور عدم استحکام کی صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ ہماری صنعت خام مال، پرزے اور مشینری کی درآمد پر بہت زیادہ انحصار کرتی ہے، اس لئے کرنسی کی قدر میں کمی کے نتیجے میں پیداواری لاگت میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی استحکام کا ماحول پیدا کرنے کے علاوہ درآمدات کے متبادل اور برآمدات میں اضافے پر نئے سرے سے توجہ دینے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت روپے کی قدر میں کمی کے رجحان کو واپس لانے کے لیے فوری اقدامات کرے تاکہ معیشت کی تنزلی سے بچا جا سکے۔ میاں نعمان کبیر نے کہا کہ اگرچہ کمزور روپیہ ایکسپورٹر کو فی ڈالر زیادہ روپیہ دے کر فائدہ پہنچاتا ہے لیکن مینوفیکچرنگ سیکٹر کے مہنگے درآمدی ان پٹ سے نقصان ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ معیشت پہلے ہی بہت سے اندرونی اور بیرونی چیلنجز کی وجہ سے شدید دباؤ کا شکار ہے۔

## ورائٹی ٹریڈرز کے حاجی رفیق عیسیٰ انتقال کر گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سدرن سرکل آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی رکن فرم ورائٹی ٹریڈرز کے محمد شاہد کے والد حاجی رفیق عیسیٰ 20 جولائی کو انتقال کر گئے۔ مرحوم کے انتقال پر محمد سلیم بیکیا چیئرمین بزنس مین پینل، سینئر وائس چیئرمین اسپما محمد انیس، سابق وائس چیئرمین حبیب نور محمد، ناصر قاسم سمیت دیگر عہدیداران واراکین نے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی ہے۔

### توجہ فرمائیں.....!

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔


لاہور کی پیپر مِل کو

**مشین مین چائنہ کٹر H.S.C / C H M**

اور ریم پیکنگ والے لڑکوں کی ضرورت ہے

برائے رابطہ:

WHATSAPP:0305-4778992,0300-4031013----EMAIL:msgtllc@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# دنیا کی ایک ہزار ٹریلین ڈالر کی معیشت میں امریکہ اور چین آدھی پر قابض

## بقیہ دنیا کے 17 ممالک کا حصہ 37 فیصد ہے اور 31 ممالک کا 14 فیصد ہے، 30 ممالک 97 فیصد معیشت پر قابض ہیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2021-22 میں دنیا کی مجموعی معیشت 104 ٹریلین امریکی ڈالر ہوگئی ہے اور اس میں 1871 سے اب تک (ڈیڑھ سو سال) امریکہ کا حصہ نمبر ایک رہا ہے۔ 2021-22 میں بھی آئی ایم ایف کے مطابق امریکہ کا معیشت میں حصہ 25.3 ٹریلین امریکی ڈالر ہے جبکہ اس کا مقابلہ کرنے کے لیے چین دوسرے نمبر پر تقریباً 20 فیصد یعنی 20 ٹریلین ڈالر کے ساتھ دنیا کی معیشت میں شامل ہے۔ اس طرح یہ صرف دو ممالک عالمی معیشت کا 5 4 فیصد حصہ رکھتے ہیں۔ دنیا کے 19 ممالک کی معیشت ایک ٹریلین ڈالر یا اس سے زیادہ ہے اور یہ کل عالمی معیشت کا 84 فیصد ہے۔ باقی 16 فیصد کی معیشت دنیا کے دیگر ممالک کے حصہ میں آتی ہے جس میں سے اگر پچاس سرفہرست ممالک کا مجموعہ کیا جائے تو یہ دنیا کی معیشت کا 97 فیصد ہے۔ جبکہ سب سے چھوٹی معیشت 12 ارب ڈالر کی ملاوی ملک کی ہے۔ ذیل میں دنیا کے 50 ممالک کی فہرست دی جا رہی ہے جس میں بھارت چھٹے، ایران پندرہویں، انڈونیشیا 17 ویں، ترکیہ 23 ویں، نائجیریا 31 ویں، مصر 35 ویں، بنگلہ دیش 41 ویں اور عراق 46 ویں نمبر پر ہے۔

| Rank | By Country | GDP (Current Prices, USD) |
|---|---|---|
| # 1 | United States | $ 25.3 trillion |
| # 2 | China | $ 19.9 trillion |
| # 3 | Japan | $ 4.9 trillion |
| # 4 | Germany | $ 4.3 trillion |
| # 5 | United Kingdom | $ 3.4 trillion |
| # 6 | India | $ 3.3 trillion |
| # 7 | France | $ 2.9 trillion |
| # 8 | Canada | $ 2.2 trillion |
| # 9 | Italy | $ 2.1 trillion |
| # 10 | Brazil | $ 1.8 trillion |
| # 11 | Russia | $ 1.8 trillion |
| # 12 | South Korea | $ 1.8 trillion |
| # 13 | Australia | $ 1.7 trillion |
| # 14 | Iran | $ 1.7 trillion |
| # 15 | Spain | $ 1.4 trillion |
| # 16 | Mexico | $ 1.3 trillion |
| # 17 | Indonesia | $ 1.3 trillion |
| # 18 | Saudi Arabia | $ 1.0 trillion |
| # 19 | Netherlands | $1.0 trillion |
| # 20 | Switzerland | $842 billion |
| # 21 | Taiwan | $ 841 billion |
| # 22 | Poland | $ 700 billion |
| # 23 | Turkey | $ 692 billion |
| # 24 | Sweden | $ 621 billion |
| # 25 | Belgium | $ 610 billion |
| # 26 | Argentina | $ 564 billion |
| # 27 | Norway | $ 542 billion |
| # 28 | Thailand | $ 522 billion |
| # 29 | Israel | $ 521 billion |
| # 30 | Ireland | $ 516 billion |
| # 31 | Nigeria | $ 511 billion |
| # 32 | United Arab Emirates | $ 501 billion |
| # 33 | Austria | $ 480 billion |
| # 34 | Malaysia | $ 439 billion |
| # 35 | Egypt | $ 436 billion |
| # 36 | South Africa | $ 426 billion |
| # 37 | Singapore | $ 424 billion |
| # 38 | Philippines | $ 412 billion |
| # 39 | Vietnam | $ 409 billion |
| # 40 | Denmark | $ 399 billion |
| # 41 | Bangladesh | $ 397 billion |
| # 42 | Hong Kong SAR | $ 369 billion |
| # 43 | Colombia | $ 351 billion |
| # 44 | Chile | $ 318 billion |
| # 45 | Finland | $ 298 billion |
| # 46 | Iraq | $ 297 billion |
| # 47 | Czechia | $ 296 billion |
| # 48 | Romania | $ 287 billion |
| # 49 | New Zealand | $ 257 billion |
| # 50 | Portugal | $ 252 billion |

### ڈالر انٹربینک مارکیٹ میں بلند ترین سطح پر

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹربینک مارکیٹ میں تیسرے روز بھی ڈالر کی اونچی اڑان کا سلسلہ جاری ہے، پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر مزید 4 روپے مہنگا ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ پاکستان کے قرض پروگرام کی بحالی کے معاہدے کے باوجود روپے کی قدر میں گراوٹ کا سلسلہ جاری ہے، انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ بدھ 20 جولائی 2022 کو کاروباری دن کے آغاز پر بھی ڈالر کی قدر میں اضافہ دیکھا گیا اور کاروبار کے دوران ڈالر ایک بار پھر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح روپے سے تجاوز کرگیا۔ انٹربینک مارکیٹ میں کاروبار کے آغاز پر ڈالر کی قدر میں 2 5 . 4 روپے کے اضافے سے 226.51 روپے کی نئی بلند ترین سطح پر آگئی۔ منگل 19 جولائی کو مارکیٹ بند ہونے تک مجموعی طور پر ڈالر کی قدر میں 6.79 روپے کا اضافہ ہوا تھا اور اس کی قیمت 221.99 روپے کی سطح پر بند ہوئی تھی۔ ماہرین کے مطابق پنجاب کے ضمنی انتخابات کے نتائج کے بعد پنجاب حکومت میں تبدیلی اور غیر یقینی سیاسی صورتحال کے سبب روپے کی قدر میں یک دم یہ بڑی کمی واقع ہوئی ہے۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ANM

# A N M TRADING CO

**Importer : Paper & Paper Board**

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

**Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)**

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
Brands

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




IBM TM

ISO 9001:2015
CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# بینکنگ محتسب:2022 بینکنگ صارفین کو 600 ملین روپے کا ریلیف فراہم کیا گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) بینکنگ محتسب پاکستان محمد کامران شہزاد نے کہا کہ رواں سال 40 ہزار سے زائد صارفین کی شکایات موصول ہوئیں جس میں 600 ملین کا ریلیف فراہم کیا گیا اور امید ہے کہ سال کے اختتام تک ایک بلین روپے تک کا ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے دورے کے موقع پر کیا۔ تقریب میں کاٹی کے صدر سلمان اسلم، کائیٹ کے سی ای او زبیر چھایا، سینئر نائب صدر ماہین سلمان، نائب صدر فرخ قندھاری، سابق صدر جوہر قندھاری اور مشیر بینکنگ محتسب نعمان قریشی بھی موجود تھے۔ بینکنگ محتسب پاکستان محمد کامران شہزاد نے مزید کہا کہ ادارے کا مقصد بینکوں اور صارفین کے درمیان تنازعات کو حل کرانا ہے، اس سلسلے میں بینکنگ اور اسٹیٹ بینک قوانین کی خلاف ورزیوں پر بینکنگ محتسب کارروائی کرتا ہے۔ صارفین بینکنگ محتسب کی ویب سائٹ یا تحریر طور پر اپنی شکایات درج کرا سکتے ہیں جس پر بغیر کسی ادائیگی فوری ازالہ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کا قیام 2005 میں رکھا گیا تاہم اس وقت اسٹیٹ بینک کی سربراہی میں سرگرمیاں جاری تھی۔ بعد ازاں 2013 میں بینکنگ محتسب کو باقاعدہ نیشنلائز کر کے حکومت کی تحویل میں دیدیا گیا۔ محمد کامران شہزاد نے مزید کہا کہ بینکنگ محتسب کا عہدہ ہائی کورٹ کے جج کے برابر ہے، جبکہ محتسب کے فیصلے کے بعد اپیل کیلئے صدر پاکستان کے پاس جایا جاسکتا ہے۔ بینکنگ محتسب پاکستان کا مزید کہنا تھا کہ اب تک 1.5 لاکھ سے زائد کیسز کا فیصلہ کیا گیا جس میں سے صرف 70 یا 80 کیس اپیل میں عدالت عظمی میں گئے۔ انہوں نے کہا کہ 95 فیصد فیصلے قبول کئے گئے ہیں جو قابل تعریف ہیں۔ اس سے قبل کاٹی کے صدر سلمان اسلم نے کہا کہ ملک میں بینکنگ کا شعبہ تیزی سے فروغ حاصل کر رہا ہے، لیکن اسٹیٹ بینک کی جانب سے شرح سود میں اضافہ اور حکومت کی جانب سے بینکنگ شعبہ پر ٹیکس عائد کرنے سے صارفین اور بزنس کمیونٹی پر مزید بوجھ بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ شرح سود میں اضافہ سے خدشہ ہے کہ قرض نادہندگان میں اضافہ ہوگا اور بڑی بڑی صنعتیں قرض کی ادائیگی میں مشکلات کا سامنا کریں گی۔ صدر کاٹی نے کہا کہ ملک جس معاشی بحران سے گزر رہا ہے ایسے میں بینکنگ کا شعبہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، انڈسٹری قرضے حاصل کر کے اپنی مالی ضروریات پوری کرتی ہیں لیکن بلند شرح سود اور ٹیکس کے باعث انڈسٹری قرضے کی سہولت سے فائدہ نہیں اٹھا سکے گی۔ سلمان اسلم نے کہا کہ صارفین کی سہولت کیلئے آن لائن سہولت کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ کائیٹ کے سی ای او زبیر چھایا نے کہا کہ حالیہ روپے کی تنزلی اور ریکارڈ شرح سود کے باعث متعدد کمپنیوں کا دیوالیہ ہونے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بلند شرح سود کے باعث صنعتکاری کم ہوگی جس سے بے روزگاری میں اضافہ ہوگا۔ زبیر چھایا نے کہا کہ بے روزگاری سے جرائم بھی بڑھیں گے، ایسی صورتحال میں بینکنگ محتسب کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے بینکنگ محتسب سے درخواست کی کہ وہ کاٹی کے ممبران کی آگاہی کیلئے بینکنگ محتسب پاکستان کی سہولیات سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں اسلامی بینکاری کا فروغ نہایت اہم ہے، لوگ اسلامی بینکاری کی طرف جانا چاہتے ہیں لیکن اس میں موجود ابہام کے باعث الجھن کا شکار ہیں، جس کو فوری طور پر دور کرنے کی ضرورت ہے۔

# پاک افغان تجارت بڑھانے کیلئے کسٹم ڈیوٹی کم رکھنے پر اتفاق

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان اور افغانستان کے درمیان باہمی تجارت کے حجم میں اضافے کے لئے کسٹم ڈیوٹی کی شرح کم سے کم رکھنے پر اتفاق ہوگیا۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان باہمی تجارت کے حجم میں اضافے کیلئے دونوں ممالک میں کسٹم ڈیوٹی کی شرح کم سے کم رکھنے اور چمن باب دوستی کو 24 گھنٹے باربرداری کے لیے کھلا رکھنے پر اتفاق ہوگیا۔ یہ باہمی اتفاق پاک افغان جوائنٹ چیمبر آف کامرس کے تحت چمن میں منعقدہ اجلاس میں ہوا جس کی صدارت جوائنٹ چیمبر کے سینیئر نائب صدر نیاز محمد خان خلجی نے کی۔ اجلاس میں افغانستان سے جوائنٹ چیمبر آف کامرس کے نمائندے اور تاجر نمائندوں نے بھی خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں دونوں ممالک کے مصنوعات میں کسٹم ڈیوٹی کم سے کم رکھنے کی تجویز دی گئی تاکہ باہمی تجارت میں مزید اضافہ ممکن ہو۔ اجلاس میں باب دوستی کو 24 گھنٹے تجارت کیلئے کھلا رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ مزید برآں بارڈر مشترکہ مارکیٹ کے قیام پر بھی دونوں جانب سے تجاویز دی گئیں تاکہ افغانستان کے ساتھ کاروبار کرنے والے تاجروں کا کاروبار مکمل قانونی ہوسکے۔ اجلاس میں باہمی تجارت کیلئے دوسرا گیٹ کھلوانے کی غرض سے پاکستان اور افغانستان کی حکومتوں کو ٹھوس سفارش کرنے پر اتفاق کیا گیا تاکہ بارڈر پر ٹریفک کراسنگ سہل ہوسکے۔

# دوطرفہ تجارت، لاہور چیمبر میں انڈونیشیا ڈیسک قائم کرنے کا فیصلہ

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور چیمبر کے صدر میاں نعمان کبیر نے انڈونیشیا کے سفیر ایڈم ملاور مین ٹوگیو سے ملاقات میں کہا ہے کہ لاہور چیمبر میں انڈونیشیا ڈیسک قائم کیا جائے گا جو دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کیلئے کام کرے گا۔ لاہور چیمبر میں ہونیوالی اس ملاقات کے موقع پر سینئر نائب صدر میاں رحمن عزیز چن اور نائب صدر حارث عتیق نے بھی خطاب کیا۔ سفیر نے کہا کہ پاکستان اور انڈونیشیاء دونوں بڑے اسلامی ممالک اور دوطرفہ تجارت میں اضافہ کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر دوطرفہ تجارت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ انہوں نے پاکستانی تاجروں کو انڈونیشیا میں اکتوبر میں ہونے والے ٹریڈ فیئر میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ انہیں آسیان ممالک کیساتھ تجارت کے فروغ پر توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے اسلامک اکانومی کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اس موقع پر میاں نعمان کبیر نے کہا کہ پاکستان اور انڈونیشیا دونوں او آئی سی کے اہم رکن اور مسلم کمیونٹی کی خدمت کا اہم فریضہ بخوبی ادا کر رہے ہیں۔ پاکستان انڈونیشیا کیساتھ اپنے تاریخی تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے، جس کی بنیاد بانی پاکستان، قائداعظم محمد علی جناح اور مسٹر سوئیکارنو نے رکھی تھی۔

## جولائی کی درآمدات 5.5 ارب ڈالر تک محدود رہیں گی، وزیر خزانہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ اور ریونیو مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ 18 جولائی تک درآمدات 2.6 ارب ڈالر رہیں ہیں، سٹیٹ بینک کے اقدامات سے گزشتہ سال کی بڑھتی درآمدات کو کنٹرول کریں گے۔ بدھ 20 جولائی کو اپنے ٹویٹ میں انہوں نے کہا کہ 18 جولائی تک درآمدات 2.6 بلین ڈالر رہیں جو درآمدات گزشتہ سال کے مقابلے میں 20 فیصد کم ہیں۔ مفتاح اسماعیل نے کہ رواں ماہ کے اختتام پر درآمدات کا حجم 5.5 ارب ڈالر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سٹیٹ بینک کے اقدامات سے گزشتہ سال کی بڑھتی درآمدات کو کنٹرول کریں گے، درآمدات اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کنٹرول کو یقینی بنانے کے اقدامات جاری رکھیں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال جاری ہے، چیف کلکٹر کسٹمز ساؤتھ کا کاٹی کا دورہ

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان میں کسٹمز میں جدت لا رہے ہیں، پہلی مرتبہ تاریخی ٹیکس جمع کیا۔ اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیف کلکٹر کسٹمز ساؤتھ واجد علی نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر کاٹی کے صدر سلمان اسلم، سینئر نائب صدر ماہین سلمان، قائمہ کمیٹی کے چیئرمین فراز الرحمن، سابق صدر دانش خان سمیت دیگر افسران وممبران بھی موجود تھے۔ چیف کلکٹر کسٹمز ساؤتھ واجد علی نے مزید کہا کہ کسٹمز کے ذمہ دار افسران نے ہمیشہ جان کی پرواہ کیئے بغیر ملک غیر قانونی سرگرمیوں کو روکا ہے۔ انہوں نے کہا کسٹمز کا شعبہ ملک میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ برآمدات اور درآمدات میں بزنس کمیونٹی کی سہولت کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ چیف کلکٹر کسٹمز ساؤتھ نے مزید کہا کہ کاٹی جیسے اہم صنعتی علاقوں میں ہیلپ ڈیسک قائم کی جائے گی تاکہ بزنس کمیونٹی کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکے۔ اس سے قبل کاٹی کے صدر سلمان اسلم نے کہا کہ چیف کلکٹر کسٹمز ساؤتھ واجد علی نے ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن کسٹمز میں ڈائریکٹر کے عہدے پر بھی اپنی خدمات احسن طور پر انجام دے چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسمگلنگ کی روک تھام کے لئے مؤثر اقدامات کئے جائیں تاکہ ملک میں اسمگلنگ کی حوصلہ شکنی ہو اور ملکی خزانے کو پہنچنے والے نقصان کو ختم کیا جاسکے۔ ڈیوٹیز جمع کروانے کے لیے تمام صنعتی علاقوں میں نیشنل بینک کی شاخیں مختص کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ برآمد و درآمد کنندگان اور صنعت کاروں کی آسانی کے لیے خصوصی کوآرڈینیشن ڈیسک بھی بنادیا جائے۔ ٹریڈنگ سینٹرز اور صنعتی علاقوں میں ایسی شاخیں قائم کی جائیں جہاں ڈیوٹی سے متعلق معاملات نمٹانے کی سہولت موجود ہو۔ صدر کاٹی نے کہا کہ پورٹ پر سامان کی ترسیل سے متعلق مسائل فوری حل کیے جائیں۔ صنعتی علاقوں میں ڈیلیوری پوائنٹ قائم کیے جائیں اور مزید لائسنس بھی جاری کیے جائیں تاکہ درآمد ہونے والے سامان کی ترسیل میں آسانی اور تیزی آئے۔ سلمان اسلم نے کہا کہ ڈیوٹی جمع کرانے کیلئے برآمد و درآمد کنندگان اور صنعت کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں یہ نہ صرف ملک میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیےضروری ہے بلکہ اس سے خود ڈیوٹی کلیکشن میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر قائمہ کمیٹی کے چیئرمین فراز الرحمن نے کہا کہ کسٹم سے متعلق تاجر برادری کے تمام مسائل، تحفظات اور شکایات کو دور کرنے کے لیے آن لائن کمپلین میکانزم کا قیام عمل میں لایا جائے۔ کنٹینر ٹرمینلز کے ریگولیشن کے ادارے کی عدم موجودگی، سابقہ فاٹا اور پاٹا علاقوں کو دی گئی ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی چھوٹ کا غلط استعمال، ریفنڈز میں تاخیر، غیر منصفانہ ڈیمریجز چارجز، ڈی سٹیبلائزیشن اور کنٹینرز کی اسکینرز میں ناکافی سرمایہ کاری، HS اور PCT کوڈز میں ناکافی تنوع، صنعتی خام مال پر کیس کیڈنگ کے اصول کو نظر انداز کیا جانا اور تاجر برادری کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ناکافی مشاورتی عمل کسٹم آپریشنز کے ہموار چلنے میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو 70 فیصد ریونیو دینے والے شہر کا 70 فیصد ریونیو کورنگی صنعتی علاقے سے حاصل ہوتا ہے لہٰذا کورنگی صنعتی علاقے کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں۔ فراز الرحمٰن نے مزید کہا کہ کنٹینر ٹرمینلز کے لیے ریگولیٹری اتھارٹی بنانے کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ تاجروں اور کنٹینر ٹرمینلز کے درمیان کام کرنے کے طریقہ کار کو بہتر بنایا جاسکے۔ ٹیرف ریشنلائزیشن کو مسلسل بدلتے ہوئے تجارتی اور صنعتی ماحول سے ہم آہنگ کرنے کے لیے نظر ثانی کا عمل مسلسل جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ شپنگ کمپنیز کی اجارہ داری ختم کی جائے جو ایکسپورٹرز سے منہ مانگی قیمت کا مطالبہ کرتے ہیں جس کے باعث ایکسپورٹرز کی لاگت میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ صنعتکاروں اور ایف بی آر کے ممبر و پالیسی سازوں کے درمیان مسلسل مشاورتی عمل جاری رہنا چاہیے۔ قائمہ کمیٹی کے چیئرمین نے تجویز دی کہ کسٹم معاملات اور ان کے حل کے لیے کاٹی میں ایک فوکل پرسن کو تعینات کیا جائے تاکہ تاجر برادری کو درپیش مسائل اور بے ضابطگیوں پر فوری اقدامات ممکن بنائے جاسکیں۔

# ایف بی آر کے گریڈ 17 سے 20 تک افسران کے تبادلے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر میں ان لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ 17 سے 20 تک کے افسران کے تقرر و تبادلے کر دیے گئے ہیں، گریڈ 20 کے عاصم افتخار، عبدالرحمان بولو شامل، 8 سپرٹنڈنٹ پریونیو سروس کی گریڈ 17 میں ترقی، گریڈ 20 کے افسر عاصم افتخار کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹلی جنس وانوسٹی گیشن ان لینڈر یونیو اسلام آباد میں ڈائریکٹر (ایچ کیو) تعینات کر دیا گیا انہیں آئی اینڈ آئی اسلام آباد میں ڈائریکٹر اور ڈی این ایف بی پیز اسلام آباد میں ڈائریکٹر ریگولیشنز کے عہدے کا اضافی چارج بھی دے دیا گیا ہے، گریڈ 20 کے افسر عبدالرحمن بولو کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹلی جنس وانوسٹی گیشن ان لینڈر یونیو حیدرآباد میں ڈائریکٹر، ڈاکٹر طارق غنی کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹلی جنس وانوسٹی گیشن ان لینڈر یونیو کراچی میں ڈائریکٹر، بہزاد انور کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹلی جنس و انوسٹی گیشن ان لینڈر یونیو لاہور تعینات کر دیا گیا، گریڈ 19 کے افسران میں مس رابعہ یاسر درانی کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹلی جنس وانوسٹی گیشن ان لینڈر یونیو اسلام آباد میں ایڈیشنل ڈائریکٹر، محمد فیاض حسین کو ڈپٹی کمشنر کارپوریٹ ٹیکس آفس اسلام آباد، منتہا سلیم کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹلی جنس وانوسٹی گیشن ان لینڈر یونیو اسلام آباد میں ڈپٹی ڈائریکٹر، ساجد علی کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹلی جنس وانوسٹی گیشن ان لینڈر یونیو اسلام آباد میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر تعینات کر دیا گیا۔ ایف بی آر نے کلکٹریٹ آف کسٹم انفورسمنٹ کراچی کے گریڈ 16 کے 8 سپرٹنڈنٹ پریونیو سروس کو گریڈ 17 میں ترقی دے دی، نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 16 میں بطور سپرٹنڈنٹ پریونیو سروس میں تین سال مکمل کرنے پر گریڈ 17 دیا گیا ہے، ترقی پانیوالے افسران میں نعیم اللہ خان، عرفان احمد، جاوید افضل، عمران طاہر قریشی، محمد امتیاز علی، رضی الرحمن کھڑو، جمال ضیاء اور منیر حسین اقبال شامل ہیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ڈالر کی اونچی اڑان، اسٹیٹ بینک درآمدات کی حوصلہ شکنی کرنے لگا

اسلام آباد(بزنس ڈیسک)غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کی خراب ہوتی صورتحال کے پیش نظر اسٹیٹ بینک نے ڈالر کا انخلا روکنے کے لیے اقدامات شروع کردیے ہیں۔مرکزی بینک کی جانب سے ایک لاکھ ڈالر سے بھی کم کی درآمدات کی کلیئرنس روکی جانے لگی ہے جس کی وجہ سے بہت سی فیکٹریوں کی بند اور ان پر مالیاتی جرمانے لگنے کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔انڈسٹری ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک لیٹر آف کریڈٹ (ایل سیز) اور cash againstdocument (سی اے ڈی) جیسے اوپن اکاؤنٹس کے ذریعے درآمدات کی حوصلہ شکنی کررہا ہے۔سی اے ڈی اسکیم میں اسٹیٹ بینک نے درآمدات کی کلیئرنس میں تاخیر سے ڈالر بچانے کے لیے دستاویزات کے اجرا کو اپنی اجازت سے مشروط کردیا ہے۔اس کی وجہ سے بہت سی صنعتوں کو خام مال کی قلت کا سامنا ہے اور وہ اپنی پیداوار کم کرنے پر مجبور ہوں گی۔اتفاق آئرن انڈسٹریز لمیٹڈ کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ابراہیم طارق شفیع نے کہا کہ ہم دبئی سے خام مال درآمد کرتے ہیں مگر درآمدی دستاویزات کا اجرا نہ ہونے کے نتیجے میں خام مال کی عدم دستیابی کی وجہ سے ہماری مل بند ہونے کے دہانے پر پہنچ گئی ہے۔انھوں نے بتایا کہ درآمدات کی کلیئرنس میں تاخیر کی وجہ سے وہ بندرگاہ کی اتھارٹیز کو اب تک 75 لاکھ روپے ڈیمرج کی مد میں ادا کرچکے ہیں۔ تفصیلات سے ظاہر ہوتا ہے کہ مرکزی بینک ان درآمدی دستاویزات کے اجرا کی بھی اجازت نہیں دے رہا جن کے مطابق درآمدات کی مالیت 33571 ڈالر تھی۔ اتفاق مل کے 15 کنسائنمنٹس 5 جولائی سے بندرگاہ پر پڑے ہیں جن کی مالیت صرف 20 لاکھ ڈالر ہے۔ان میں سے مرکزی بینک نے اس ہفتے صرف 4 کو کلیئر کرانے کی اجازت دی ہے۔ابراہیم طارق شفیع کا کہنا تھا کہ اسٹیٹ بینک کی اس حکمت عملی کی وجہ سے درآمدات سے چلنے والی تمام صنعتیں بند ہونے کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بنئے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229


## حکومت کی ہائیکورٹ میں 600 کیسز ختم کرانے کی تیاریاں

لاہور (نیوز ڈیسک) ٹیکس کی وصولیوں کو زیادہ بہتر کرنے کے سلسلے میں اٹارنی جنرل آف پاکستان اشتر اوصاف علی نے لا آفیسرز سے اپنے دفتر میں ملاقات کی اس سے ٹیکس وصولیوں کے معاملے میں زیر التوا کیسوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس ملاقات میں طے کیا گیا کہ ٹیکس اکٹھا کرنے کے لئے ایسے تمام کیسز جہاں عدالتوں نے گزشتہ چھ ماہ سے حکم امتناع جاری کر رکھا ہے وہاں ایسے احکامات ختم کرانے کیلئے قانونی چارہ جوئی کی جائے۔

## ٹیکس دہندگان کو ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ فوری جاری کئے جائیں: وفاقی ٹیکس محتسب

لاہور(بزنس ڈیسک)وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ (ایف ٹی او) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو ہدایت کی ہے کہ مقررہ مدت کے خاتمہ کے بعد ٹیکس دہندگان کو ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کے بلاتاخیر اجراء کیلئے شفاف طریقہ کار وضع کیا جائے تاکہ انہیں کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ایف ٹی او کے اعزازی کوارڈینیٹر اور لاہور چیمبر کے سابق سینئر نائب صدر مہر کاشف یونس نے ماڈل اسٹیل کمپلیکس میں صنعتکاروں اور تاجروں کیلئے آگاہی مہم کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے استثنیٰ سرٹیفکیٹ کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر اور ایف بی آر حکام کے تاخیری حربوں کی وجہ سے ٹیکس دہندگان کو درپیش مشکلات ونقصانات کے حوالے سے ایف ٹی او کو آگاہ کیا۔جس پر ایف ٹی او نے فوری طور پر ازخود نوٹس لیتے ہوئے اس مسئلے کو ہمیشہ کے لیے حل کردیا ہے۔مہر کاشف یونس نے بتایا کہ ٹیکس دہندگان کی اپیلیں برسوں سے اپیلٹ ٹربیونلز میں پھنسی ہوئی ہیں اور ایف ٹی او نے تاجر برادری کی شکایات پر فوری ایکشن لیتے ہوئے ایف بی آر کو ہدایت کی ہے کہ مقدمات کو جلد نمٹانے کے لیے مانیٹرنگ کا نظام اور موثر پالیسی وضع کرنے کے علاوہ تمام فیلڈ فارمیشنز کے لیے گائیڈ لائنز تیار کی جائیں۔

## پاکستان آٹو شو 29 جولائی سے ایکسپو سینٹر لاہور میں منعقد ہوگا

کراچی (نیوز ڈیسک) ملک میں گاڑیوں کی سب سے بڑی نمائش پاکستان آٹو شو 29، 30 اور 31 جولائی 2022 کو ایکسپو سینٹر لاہور میں منعقد ہورہی ہے۔ یہ نمائش پاپام جو کہ ایک سرکردہ تجارتی ادارہ ہےکی جانب سے کروائی جارہی ہے جو پورے پاکستان سے 3000 سے زیادہ بڑی، درمیانی اور چھوٹی صنعتوں کی نمائندگی کرتا ہے۔اس نمائش کا مقصد دنیا بھر کے آٹو انڈسٹری سے وابستہ افراد کی توجہ اپنی طرف مبذول کروانا ہے، اس آٹو شو کا تھیم MADE IN PAKISTAN رکھا گیا ہے۔آٹو شو انتظامیہ کا کہنا ہے کہ اس نمائش میں 100,000 سے زائد مقامی افراد کو ملکی وغیر ملکی معروف کمپنیوں کی نئی اور جدید ترین اشیا اور ٹیکنالوجیز دیکھنے کو ملے گی جن میں 150 آٹو پارٹس مینوفیکچررز شامل ہیں۔اس میگا ایونٹ میں شائقین کیلئے ایم جی، ٹویوٹا، سوزوکی اور پروٹون کی جدید ترین کاروں کی ٹیسٹ ڈرائیو کی سہولت بھی میسر ہوگی اس کے علاوہ موٹروے پولیس بھی شائقین کو سہولت فراہم کرنے کے لیے موجود ہوگی تاکہ وہ اپنی ڈرائیونگ کو بہتر بناسکیں اور اس کے ساتھ ساتھ لرنرز ڈرائیونگ لائسنس بھی موقع پر ہی فراہم کیے جائیں گے۔ نمائش کنندگان کی کیٹگریز میں مسافر کاریں، ٹرک، بسیں، ٹریکٹر، رکشہ، موٹر سائیکلیں، آٹو پارٹس بنانے والے، خدمات فراہم کرنے والے، مشینری بنانے والے، ٹول بنانے والے، قدیم کاریں اور ہیوی موٹر بائیکس کے ساتھ متعلقہ سروس انڈسٹریز جیسے لوازمات، ٹریکنگ اور انشورنس وغیرہ شامل ہیں۔آٹو شو کا وقت صبح 10 بجے سے شام 7 بجے تک رکھا گیا جبکہ نمائش میں آنے والوں کو ونٹیج کاریں بھی فراہم کی جائیں گی۔

## فچ نے پاکستان کا آؤٹ لک مستحکم سے منفی کردیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی فچ نے پاکستان کا آؤٹ لک مستحکم سے منفی کردیا۔فچ نے اپنی رپورٹ میں بڑھتے سیاسی عدم استحکام، کمزور حکومتی اتحاد اور جلد الیکشن کو آؤٹ لک بدلنے کی بنیادی وجوہات قرار دیا ہے۔فچ کی رپورٹ کے مطابق منفی ریٹنگ پاکستان کی سال 2022ء کے آغاز سے بگڑتی لیکوڈٹی اور بیرونی فنڈنگ صورتحال کی عکاسی کرتی ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ آئی ایم ایف معاہدے پر عمل درآمد اور جون 2023ء کے بعد فنڈنگ کے حصول پر خدشات ہیں جب کہ زرمبادلہ ذخائر پر کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کے باعث دباؤ ہے۔رپورٹ کے مطابق مالی سال 2022ء میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 17 ارب ڈالر رہا اور آئندہ مالی سال یہ خسارہ 10 ارب ڈالر رہنے کے اندازے ہیں۔مزید یہ بھی کہا گیا ہے کہ مہنگے ایندھن کے سبب مہنگائی کی شرح بلند رہے گی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم سے ذاتی فائدے کا حصول شجر ممنوعہ ہے اے کیو خلیل

### نومنتخب عہدیداروں و اراکین کو مبارکباد، سبکدوش ہونیوالوں کو خراج تحسین، مہمان خصوصی و چیئرمین ایپما کا سدرن سرکل کی مجلس عامہ سے خطاب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین اے کیو خلیل نے نومنتخب عہدیداروں و اراکین پر زور دیا ہے کہ وہ اگر یہ عہد کرلیں کہ ایسوسی ایشن سے ذاتی فائدے کا حصول شجر ممنوعہ ہے تو وہ دنیا کے ساتھ ساتھ آخرت میں بھی سرخرو ہوں گے۔ وہ ۲۷؍ جولائی کو ایپما سدرن سرکل کے سالانہ اجلاس سے مہمان خصوصی اور بحیثیت چیئرمین ایپما خطاب کررہے تھے۔ اے کیو خلیل نے سدرن سرکل کے نومنتخب عہدیداروں، صدر محمد یوسف سرمہ والا، سینئر نائب صدر عبدالسلام، نائب صدر اقبال ڈھیڈی، جنرل سیکریٹری، زین الدین سنبل، جوائنٹ سیکریٹری اظہر حسین، اور خزانچی سہیل نثار کو مبارکباد دی اور توقع ظاہر کی کہ وہ اراکین کے اعتماد پر پورے اتریں گے۔ انہوں نے مختصراً مرکزی کمیٹی کی کارکردگی بالخصوص سندھ کے وزیر صنعت و تجارت مراد علی شاہ سے پیپر مرچنٹس کے لئے کاٹیج انڈسٹری پلاٹس کے حصول پر روشنی ڈالی۔ اے کیو خلیل نے تبسم خورشید کو مرکزی و سینٹرل تعلقات کو بہتر بنانے اور اس میں بھرپور حصہ لینے پر بھی مبارکباد دی اعزازی جنرل سیکریٹری مبین اے شیخ اور خزانچی زین الدین سنبل اور ان کی ٹیم کے تمام اراکین کو بھی مبارکباد دی۔ اے کیو خلیل نے ڈپٹی کمشنر ساؤتھ کی جانب سے کے ایم سی مارکیٹ کی چھت کی جگہ ایسوسی ایشن کے دفتر کے لئے دینے کا بھی اعلان کیا۔

## پرنٹنگ انڈسٹری پر عائد جنرل سیلز ٹیکس کے بارے میں ابہام دور کیا جائے۔ پاپگائی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری کا بجٹ ۹۷-۹۶ء کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس بابت جنرل سیلز ٹیکس ۱۳؍ جولائی ایسوسی ایشن کے دفتر مشرق سینٹر، اسٹیڈیم روڈ کراچی میں چیئرمین محمد بلال شیخ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں پرنٹنگ انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں پرنٹنگ انڈسٹری پر جنرل سیلز ٹیکس سے پیدا شدہ صورتحال پر غور ہوا۔ ایسوسی ایشن نے اپنی جانب سے فیڈریشن کے صدر سینیٹر الیاس بلور کو اپنی پوری حمایت، یک جہتی اور بھرپور تعاون کا اظہار کیا اور امید کا اظہار کیا کہ دونوں فریقین مذاکرات کو کامیاب بنانے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ اجلاس کے تمام شرکاء کو جنرل سیلز ٹیکس کے سلسلے میں کی جانے والی تبدیلیوں اور حکومت سے ہونے والے مذاکرات کے فیصلوں سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کے تمام شرکاء کو جنرل سیلز ٹیکس کے سلسلے میں کی جانے والی تبدیلیوں اور حکومت سے ہونے والے مذاکرات کے فیصلوں سے آگاہ کیا گیا۔ اخبارات، تعلیمی و دینی کتب اور کاپیوں پر پانچ فیصد جنرل سیلز ٹیکس کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ایسوسی ایشن حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ جنرل سیلز ٹیکس سے پیدا شدہ مسائل کو فوری حل کرے تاکہ پرنٹرز حضرات اپنا کام جاری رکھ سکیں۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری کے گزشتہ شمارے کے اشتہار میں تاریخ سہو ۱۳؍ جولائی کے بجائے ۱۴؍ جولائی شائع ہوگئی تھی۔ اس سہو پر جن حضرات کو زحمت اٹھانی پڑی ادارہ اس پر معذرت خواہ ہے۔ واضح رہے کہ اشتہارات کے ساتھ ہی خبر میں درست تاریخ ۱۳؍ جولائی ہی شائع ہوئی تھی۔



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی سینٹرل کمیٹی کے لاہور میں منعقدہ اجلاس عام کے بعد شرکاء کا لیا گیا گروپ۔ دائیں طرف سے وائس چیئرمین عبدالمجید میمن، انعام الٰہی جمیل، محمد طاہر، حاجی آصف، تبسم خورشید، شارق اقرار، صدر ناردرن سرکل میر جاوید مجید، چیئرمین ایپما شمیم احمد ملک، آر اے ظفر چوہدری، مسرت حسین اور ایوب بٹ



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن سرکل کے عشائیہ سے ڈپٹی کمشنر ساؤتھ عارف الٰہی خطاب کررہے ہیں جبکہ دائیں جانب یامین حسین قریشی، مبین اے شیخ، تبسم خورشید اور یوسف سرمہ والا بھی تصویر میں نظر آرہے ہیں۔



بزنس مین پینل کے قائد نومنتخب صدر سدرن سرکل یوسف سرمہ والا کو مبارکباد دیتے ہوئے۔

## بجلی کی فراہمی میں ۳ دن تعطل

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی میں ۳۰؍ جولائی کو جو بڑا بجلی کا بریک ڈاؤن ہوا تھا آئی آئی چندریگر روڈ اور اس سے متصل علاقے اس کے اثرات سے ۳ دن تک متاثر رہے اور کام کے اوقات میں ۳۰-۳۱؍ جولائی اور یکم اگست کو ۸-۸ گھنٹے سے زائد بجلی کی فراہمی بند رہی۔ جس کی وجہ سے پیپر بزنس سمیت متعدد اخبارات بھی متاثر ہوئے۔ جبکہ ۲۹؍ جولائی کو عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلے میں تعطیل تھی۔ لہٰذا ان چار دنوں میں تقریباً تعطیلات کے باعث ہفت روزہ پیپر بزنس کی اشاعت میں تاخیر ہوئی اور یہ ۳ کے بجائے ۵ اگست کو جاری کیا گیا ہے۔

## پنجاب بورڈ کے ٹینڈر کو چیلنج کردیا گیا

لاہور (نمائندہ خصوصی) پریمئر پیپر ملز نے پنجاب ٹیکس بک بورڈ کے ۱۲۰۰ ٹن رائٹنگ پیپر کی فراہمی کے ٹینڈر کے ساتھ زر ضمانت کے طور پر نقد ر ڈیمانڈ ڈرافٹ جمع کرانے کی شرط کو چیلنج کردیا ہے۔ اور اس سلسلے میں لاہور ہائی کورٹ میں رٹ پٹیشن داخل کردی گئی ہے، واضح رہے کہ سابقہ ٹینڈروں میں زرضمانت کے طور پر بینک گارنٹی کو قبول کرلیا جاتا تھا، اب اس ٹینڈر کی زرضمانت کی رقم تقریباً ۶۰ لاکھ روپے بنتی ہے معلوم ہوا ہے کہ تمام ملوں نے پریمئر کے اس مقدمے کے باعث متفقہ طور پر ٹینڈر میں حصہ نہ لینے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

## پیپر بزنس سے اظہار تشکر

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے عشائیے کے موقع پر سبکدوش ہونے والے صدر تبسم خورشید اور اعزازی جنرل سیکریٹری مبین اے شیخ نے اپنے اپنے خطاب میں پیپر بزنس کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور اس کے ایڈیٹر محمد رؤف کی خدمات کو سراہا اور انہیں مبارکباد دی۔

خصوصی اعلان

